# 13-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست بھر میں مانسون کی شدت کے پیش نظر گزشتہ 48 گھنٹوں سے بارش کا سلسلہ جاری ہے جس کی بنا پر مختلف مقامات پر پانی جمع ہوگیا اور عام زندگی متاثر ہوئی ہے۔

۲۔ ریاستی وزیر سرینواس ریڈی نے شدید بارش کے پیش نظر ریونیو کے عہدیداروں کو عوام کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔

۳۔ خلیج بنگال کے مرکزی علاقہ کی صورتحال کے اثرات تلنگانہ پر پڑے ہیں جیسا کہ محکمہ موسمیات نے ریاست بھر میں آئندہ پانچ دن کے دوران بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیش قیاسی کی ہے۔

اور

۴۔ آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر سریدھر بابو نے تلنگانہ کے ساتھ امتیازی رویہ اختیار کرنے پر آج مرکزی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

BJP

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے پارٹی ورکرس پر زور دیا ہے کہ ریاست بھر میں انتہائی شدید بارش کے پیش نظر جانوں اور املاک کو محفوظ رکھنے کیلئے راحتی اقدامات میں سرگرمی سے حصہ لیں۔ رام چندر راؤ نے ایک بیان میں کہا کہ پارٹی کی جانب سے ایمرجنسی اقدامات کئے جارہے ہیں اور کیڈرس کو مختلف مقامات پر روانہ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں کو ہدایت دی کہ نشیبی علاقوں میں رہنے والوں کو محفوظ مقامات منتقل کرنے میں مدد کرنے کے علاوہ غذا اور پینے کے پانی کی تقسیم، طبی امداد فراہم کئے جائیں اور بزرگ اور بچوں کی خصوصی مدد کی جائے۔

JANAHITA

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے آج پارٹی لیڈرس اور کیڈرس کو ہدایت دی ہے کہ جن ہیتا پدیاترا کے مجوزہ دوسرے مرحلہ کیلئے کام کئے جائیں اور اِس یاترا کو بڑے پیمانے پر کامیاب بنانے کے علاوہ

ریاست میں سیلاب سے متاثرہ عوام کی مدد کی جائے۔اے آئی سی سی انچارج میناکشی نٹراجن، وزرا پونم پربھاکر، لکشمن کمار،ضلع کانگریس کمیٹی کے صدور اور ضلع کے انچارجوں کے ساتھ ایک زوم میٹنگ کے دوران مہیش کمار گوڑ نے ہدایت دی کہ مواضعات سے لے کر ضلعی سطح تک کمیٹیاں قائم کی جائیں اور پارٹی کے اثاثہ جات کو بنا کسی تاخیر کے داخل کیا جائے۔گوڑ نے بتایا کہ مذکورہ یاترا کے دوسرے مرحلہ کا آغاز 24 اگست سے ہوگا۔

PONGULETI

ریاست کے ریونیو اور آفاتِ سماوی کے وزیر سرینواس ریڈی نے ریاست بھر کے ریونیو عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ شدید بارش کے پیش نظر عوام کو محفوظ رکھنے کے لئے فوری طور پر اقدامات کئے جائیں۔محکمہ موسمیات کی جانب سے انتباہ دیا گیا ہے کہ بارش کا سلسلہ مزید چار دن تک جاری رہ سکتا ہے، وزیر نے ریونیو کی مشنری کو ہدایت دی کہ چوکس رہتے ہوئے آبپاشی، برقی، پنچایت راج، سڑکوں اور محکمہ پولیس کے ساتھ قریبی تعاون کیا جائے۔سرینواس ریڈی نے سیلاب سے متاثرہ نشیبی علاقوں میں حفاظتی اقدامات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو کسی بھی طرح کی مشکل پیش نہیں آنی چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈسٹرکٹ کنٹرول رومس کو چاہیئے کہ مسلسل کارکرد رہیں اور اپنی فیلڈ ٹیموں کو چوکس رکھیں۔ وزیر نے عہدیداروں کو یہ ہدایت بھی دی کہ اضلاع پر خصوصی توجہ دی جائے جیسا کہ اضلاع بالخصوص ہنمکنڈہ، ورنگل، جنگاؤں، محبوب آباد اور بھوپال پلی میں شدید بارش ہورہی ہے۔

POLICE:

نشہ مکت بھارت ابھیان مہم کے تحت انسپکٹر جنرل آف پولیس ایم رمیش نے آج حیدرآباد میں واقع ڈی جی پی آفس میں عہدیداروں اور اسٹاف کو مخالف نشہ عہد دلایا۔اِس عہد میں اِس بات کو دہرایا گیا ہے کہ پولیس فورس، نشہ آور دواؤں کے نقصانات سے سماج بالخصوص نوجوانوں کو محفوظ رکھنے کے لئے پرعزم ہے۔رمیش نے اس موقع پر نشیلی دواؤں کے استعمال کو عوامی صحت، حفاظت اور آنے والی نسلوں کیلئے ایک بڑا خطرہ قرار دیا۔

SC

سپریم کورٹ نے کانچہ گچی باؤلی جنگلاتی علاقہ کی تاریخی حیثیت کو بحال کرنے کے لئے ایک اچھی تجویز کے ساتھ تلنگانہ حکومت کو 6 ہفتوں کی مہلت دی ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ ریاستی حکومت کو کاٹے گئے درختوں کی جگہ دوبارہ شجرکاری کرنی ہوگی۔ چیف جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس ونود چندرن پر مشتمل ایک بنچ نے کہا کہ جنگلاتی علاقے کو بحال کرنے کی ضرورت ہے۔ اپیکس عدالت نے اس بات کو دہرایا کہ وہ ترقی کے خلاف نہیں ہے تاہم ماحولیات کی حفاظت ضروری ہے۔ بنچ نے مزید کہا کہ اگر ریاستی حکومت ایک اچھا منصوبہ لے کر آتی ہے تب ہم اِس کا خیر مقدم کریں گے۔

WEAHTER

خلیج بنگال کے مرکزی علاقوں میں پائی جانے والی صورتحال کے اثرات تلنگانہ پر بھی ہیں، جس کے نتیجہ میں ریاست بھر میں آئندہ پانچ دن تک بارش کا سلسلہ جاری رہ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر ناگارتنا نے کہا کہ تلنگانہ کے تین اضلاع کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اسی طرح 9 اضلاع کیلئے آرینج الرٹ اور 22 اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریڈ الرٹ، میدک، سنگاریڈی اور وقار آباد کیلئے جبکہ آرینج الرٹ کوتہ گوڑم، بھوپال پلی، کاماریڈی، محبوب آباد، میڑچل ملکاجگری، ملگ، نرمل، نظام آباد اور سوریہ پیٹ اضلاع کیلئے جاری کیا گیا ہے۔

ADVISORY

حیدرآباد ٹریفک پولیس نے شہریوں کو ایک اڈوائزری جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ گھروں سے باہر نہ نکلیں کیونکہ شہر میں شدید بارش کا سلسلہ 15 اگست تک جاری رہ سکتا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر انتظامیہ نے ضروری کام کیلئے ہی عوام کو گھروں سے باہر نکلنے کا مشورہ دیا ہے۔ پولیس نے گاڑیاں اور موٹر سائیکل چلانے والے افراد کو اچانک بریک نہ لگانے کا انتباہ دیا اور کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل کیا جائے۔ اس کے علاوہ شہریوں سے محفوظ رہنے اور محتاط طور پر گاڑی چلانے کے لئے بھی کہا گیا ہے۔

## RAINS

کل سے ہورہی مسلسل بارش کے سبب حیدرآباد کے پرانے شہر میں کئی علاقے متاثر ہیں۔عظیم تر بلدیہ حیدرآباد کو یاقوت پورہ، للیتا باغ، افضل ساگر، غوث نگر، شاہین نگر اور دیگر علاقوں سے نشیبی علاقوں میں پانی مکانات میں داخل ہونے کی شکایتیں ملی ہیں۔سڑکوں پر پانی جمع ہونے کی وجہ سے ٹریفک کے مسائل درپیش ہیں۔اسی دوران جی ایچ ایم سی کے عہدیداروں نے شہر کے مختلف علاقوں میں مسلسل اور شدید بارش کے پیش نظر ہائی الرٹ اختیار کرلیا ہے۔دوسری جانب ضلع میڑچل ملکاجگری کے انتظامیہ نے شدید بارش کی پیش قیاسی کے سبب اسکولوں کو کل یعنی جمعرات کو تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ یہ فیصلہ ضلع کلکٹر مانو چودھری اور دیگر عہدیداروں کی جانب سے منعقدہ میٹنگ کے بعد کیا گیا۔

## STATE RAINS

تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں مانسون کی شدت کے پیش نظر گزشتہ 48 گھنٹوں سے بارش ہورہی ہے۔اس بنا پر سڑکوں پر پانی جمع ہوگیا اور عام زندگی متاثر ہوئی ہے۔ بارش کے سبب ایمرجنسی اقدامات کرنے پر مجبور ہونا پڑا ہے۔ ریاست بھر میں اسکولوں کو بند کرنے کے علاوہ اعلیٰ چوکسی اختیار کرلی گئی ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اضلاع منچر یال اور کمرم بھیم آصف آباد میں سب سے زیادہ بالترتیب 93.2اور 93.1 ملی میٹر بارش درج کی گئی جبکہ ریاست بھر میں اب تک 28 ملی میٹر بارش ہوچکی ہے۔ دیگر اضلاع بشمول ورنگل، جنگاؤں، ہنمکنڈہ،سوریہ پیٹ اور محبوب نگر کے بعض علاقے بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔

## SRIDHAR BABU

آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر سریدھر بابو نے تلنگانہ کے ساتھ امتیازی رویہ اختیار کرنے پر آج مرکزی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کو کوئی بڑا پراجکٹ حوالہ نہیں کیا گیا جبکہ ہم اس کے لئے پوری طرح تیار ہیں۔واضح رہے کہ مرکزی حکومت نے انڈیا سیمی کنڈیکٹر مشن کے تحت اوڈیشہ کیلئے 2 اور آندھراپردیش اور پنجاب کے لئے ایک ایک پراجکٹ منظور کیا ہے۔ وزیر نے مرکزی وزیر کشن ریڈی پر زور دیا کہ اس معاملہ کو مرکز کے سامنے اٹھایا جائے اور تلنگانہ کو اس کا حصہ دیا جائے۔

PANCHAYAT LEADERS

نئی دہلی میں 15 اگست کو منعقد ہونے والی یوم آزادی تقاریب میں 28 ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے 210 پنچایت راج لیڈرس بحیثیت مہمانانِ خصوصی شرکت کریں گے۔ اس سال خاتون پنچایت راج لیڈر کی ایک بڑی تعداد کو بھی مدعو کیا گیا ہے جنہوں نے اپنے گرام پنچایتوں میں بہتر انفرااسٹرکچر، عوامی خدمات اور دیگر سرگرمیوں کو عمدگی سے انجام دیا ہے۔ مرکزی پنچایت راج کی وزارت کی جانب سے مذکورہ لیڈرس کو کل نئی دہلی میں تہنیت پیش کی جائے گی۔

OO